## نیوکراچی سیکٹر ایلڈر زونگ کے کارکن خان محمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔20ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے بزرگ کارکن خان محمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔( آمین )

## وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم سے فون پر ڈاکٹر عمران فاروق کی تعزیت

لندن۔۔۔20ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق نے وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم کے آبائی گاؤں فون کرکے ان سے انکے بڑے بھائی ارباب امیر حسین کے انتقال پر تعزیت کی۔ڈاکٹر عمران فاروق نے ارباب غلام رحیم سے انکے بھائی امیر حسین کے انتقال پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ،رابطہ کمیٹی کے تمام ارکان اور کارکنوں کی جانب سے دلی تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب آپ اورآپ کے مرحوم بھائی کے تمام اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ارباب امیر حسین مرحوم کی مغفرت فرمائے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔وزیراعلیٰ ارباب غلام رحیم نے تعزیت کیلئے فون کرنے اور اظہار ہمدردی کرنے پر ڈاکٹر عمران فاروق اورایم کیوایم کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔

## ایلڈر زونگ کے کارکن خان محمد دماغ کی شریان پھٹنے سے انتقال کر گئے
## نیوکراچی کے قبرستان میں تدفین،رابطہ کمیٹی اورایلڈر زونگ کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ نیوکراچی سیکٹر یونٹ B-140 کے بزرگ کارکن خان محمد دماغ کی شریان پھٹنے سے انتقال کر گئے(انااللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر55 سال تھی اورگزشتہ روز ان کے دماغ کی شریان پھٹ گئی جس کے باعث انہیں فوری طور پر طبی امداد فراہم کرنے کی کوشش کی گئی تاہم وہ جانبر نہ ہوسکے اور خالق حقیقی سے جاملے۔دریں اثناء خان محمد مرحوم کوسوگواران کی آہوں اورسسکیوں میں نیوکراچی کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اورتدفین میں ایم کیوایم ایلڈر زونگ کے ذمہ داران، نیوکراچی سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اورمرحوم عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم نے خان محمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اورمرحوم کے گھر جاکر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔وہ کچھ دیر سوگوار لواحقین کے ساتھ رہے اورانہوں نے مرحوم کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔مزید براں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اورایم کیوایم ایلڈر زونگ نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر ایلڈر زونگ کے کارکن خان محمد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اورسوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کی۔

## رابطہ کمیٹی نے پی پی اوسی بن قاسم ٹاؤن کے کارکن سجاد خان کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا

کراچی۔۔۔20ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی ، بن قاسم ٹاؤن یوسی ظفر ٹاؤن کے کارکن سجاد خان ولد وزیر محمد کو تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ سجاد خان ولد وزیر محمد سے کسی قسم کا کوئی رابطہ یا تعلق نہ رکھیں۔

## ایم کیوایم کی جدوجہد سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ ہورہا ہے،شاہد لطیف

کراچی۔۔۔20/ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک نظریاتی تحریک ہے جوعوام میں شعور بیداری پیدا کر کے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کر کے ملک میں صحیح معنوں میں جمہوریت نافذ کرنا چاہتی ہے ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے زیر اہتمام ایجوکیشن یونٹ کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی، جوائنٹ انچارج مظہر حسین، ایجوکیشن یونٹ کے ذمہ داران اور کارکنان بھی موجود تھے۔شاہد لطیف نے کہا کہ ایم کیوایم ایک نظریاتی تحریک ہے جو پرامن اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور صحیح معنوں میں جمہوریت کا نفاذ چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ ملک کے کونے کونے میں تیزی سے پھیل رہا ہے جس سے عوام میں شعور بیداری بڑھ رہا ہے اور اب وہ بھی اپنے حقوق کے حصول کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد میں شامل ہورہے ہیں۔انشاءاللہ اب وہ وقت دور نہیں جب ملک پر غریبوں کی حکمرانی ہوگی اور ملک سے جاگیردارانہ نظام کا مکمل خاتمہ ہوجائیگا۔انہوں نے ایم کیوایم ایجوکیشن یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان پر زور دیا کہ وہ خود معاشرتی برائیوں سے دور رکھیں اور تحریک کا پیغام عام کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔قبل ازیں انہوں نے ایم کیوایم ایجوکیشن یونٹ اور مختلف کالجوں اور اسکولوں کی یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا۔

## صدر اور وزیراعظم آٹے کے بحران کا نوٹس لیں،ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔20/ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ملک میں آٹے کے بحران پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صدر اور وزیراعظم سے مطالبہ کیا ہے کہ رمضان المبارک کے مہینے میں آٹے کے بحران کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ داروں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ آٹے کے بحران کے باعث ملک بھر میں آٹے کی قیمتوں میں اضافہ 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی مشکلات میں اضافہ کرنے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ ملک میں آٹے کے بحران کا فوری نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیوایم دشمنی میں اندھی ہوچکی ہیں،ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔20/ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گزشتہ روز جماعت اسلامی کے کارکنان کی جانب سے سپریم کورٹ کا گھیراؤ کرنے پر نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں، وکلاء تنظیموں، بعض تجزیہ نگاروں اور دانشوروں کے دہرے طرز عمل پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں اور دیگر تنظیمیں ایم کیوایم دشمنی میں اندھی ہوچکی ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ چند روز قبل کراچی کے عوام 12 مئی کے واقعہ کے عینی شاہدین اپنا آئینی وقانونی حق استعمال کرتے ہوئے حلف نامے جمع کرانے کیلئے سندھ ہائیکورٹ کے باہر جمع ہوئے تو ایم کیوایم مخالف سیاسی ومذہبی جماعتوں، وکلاء تنظیموں، انسانی حقوق کی نام نہاد تنظیموں اور دیگر حضرات نے طوفان بدتمیزی مچا کر ایم کیوایم پر الزام عائد کرنے کی کوشش کی تھی کہ ایم کیوایم کا یہ عمل عدلیہ پر دباؤ ڈالنے کی کوشش ہے۔انہوں نے کہا کہ جب جماعت اسلامی کے سینکڑوں کارکنان نے عدالت عظمٰی کا گھیراؤ کیا اور مخالف فیصلہ دینے پر دھمکیاں دیں تو سیاسی ومذہبی جماعتیں، وکلاء تنظیمیں، انسانی حقوق کی انجمنیں اور بعض دانشور حضرات کے منہ پر تالے لگ گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر ایم کیوایم کے کارکنوں کا گواہی دینے کیلئے عدالت عالیہ میں جمع ہونا غلط ہے تو سپریم کورٹ کا گھیراؤ کرنے اور عدلیہ کو دھمکیاں دینے کا عمل کس طرح درست قرار دیا جاسکتا ہے۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کے باشعور عوام، ایم کیوایم کے خلاف متعصّبانہ اور دہرے طرز عمل کا بغور جائزہ لے رہے ہیں اور وہ جان چکے ہیں کہ ایم کیوایم کو ہر معاملہ میں موردالزام ٹھہرا کر کونسے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کی جارہی ہے۔

☆☆☆☆☆